1745 ـ کسی دوسرے کی جانب سے حج کرنے کا طریقہ اوراس میں حج کی قسم

سوال

کسی مرض کی بنا پرعاجز شخص یا پھر فوت شدہ کی جانب سے حج کرنے والے والے کے لیے حج کا طریقہ کیا ہے ، اورکیا اس کے لیے لازم ہے کہ حج تمتع یا افراد میں کوئي قسم اختیار کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کسی کی جانب سے حج کرنے والا (لبیك عن فلان) کہے ، اورنائب کے لیے واجب ہے کہ وہ حج تمتع کرے کیونکہ حج تمتع افضل ہے ، اورہروہ انسان جسے کسی چیز میں وکیل بنایا جائے تواس پرافضل کی اتباع کرنی واجب ہوگی۔

لیکن جب اس کا مؤکل خود ہی اس کے خلاف اختیارکرلے ، اس لیے کہ وکیل کے پاس یہ امانت ہے اوراس پرواجب ہےکہ وہ زیادہ اچھا کام کرے ۔ .